Social Studies (Urdu Medium) - 5th Class Social Studies Chapter 5 Short Questions

Q1. آبادی میں اضافے کی شرح سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کسی ملک یا علاقے کی آبادی میں سالانہ فی صد اضافہ آبادی میں اضافے کی شرح کہلاتا ہے.

Q2. پاکستان کے بڑے صحرا کون سے ہیں.

Ans 1: پاکستان کے بڑے صحراؤں میں تھل، تھر اور خاران شامل ہیں.

Q3. صحرائی علاقوں میں لوگ کس طرح زندگی گزارتے ہیں اور کیا پالتے ہیں.

Ans 1: صحرائی علاقوں میں لوگ خانہ بدوشوں کی طرح زندگی گزارتے ہیں. وہ بھیڑ ، بکریاں اور اونٹ پالتے ہیں.

Q4. ساحلی علاقے کے لوگوں کا اہم پیشہ کیا ہے.

Ans 1: ساحلی علاقے کے لوگوں کا اہم پیشہ ماہی گیری ہے.

Q5. سطح مرتفع بلوچستان میں پائے جانے والے باغات کو کیسے سیراب کیا جاتا ہے.

Ans 1: سطح مرتفع بلوچستان میں پائے جانے والے باغات کو کاریز کی مدد سے سیراب کیا جاتا ہے.

Q6. ہمالیہ کن پہاڑی سلسلہ پر مشتملہے.

Ans 1: ہمالیہ کبیر - ہمالیہ صغیر - شوالک کی پہاڑیاں

Q7. پاکستان کی آبادی میں سالانہ کتنا اضافہ ہورہا ہے.

Ans 1: پاکستان کی آبادی میں سالانہ 2.4 فی صد اضافہ ہورہا ہے.

Q8. اے ایم اور پی ایم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: رات 12 بجے سے دوپہر 12 بجے تک کے وقت کو اے ام کہتے ہیں دوپہر 12 بجے سے رات 12 بجے تک کے وقت کو پی ایم کہتے ہیں.

Q9. خط استوا کیا کرتا ہے.

Ans 1: خط استوا زمین کو افقی طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے.

Q10. زلزلہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: جب زمین کے اندرونی حصوں میں مختلف حرکات کے باعث زمین کی ظاہری سطح تھر تھرانے لگھے تو اسے زلزلہ کہتے ہیں.